the women's
the royal women's hospital

# قبل از وقت بچہ:
# 33 تا 35 ہفتوں میں پیدائش ہونا

آپ کا بچہ چند ہفتے قبل از وقت پیدا ہو سکتا ہے۔ قبل از وقت بچے سے مراد یہ ہے کہ بچہ جو 37 ہفتوں سے کچھ عرصہ پہلے پیدا ہو۔

## ہم آپ اور آپ کے بچے کی مدد کر سکتے ہیں۔

ہمیں ایسا لگتا ہے کہ آپ کا بچہ جلد یا کچھ معمولی قبل از وقت پیدا ہوگا۔ آپ کے بچے کو پیدائش کے بعد ہسپتال میں رکنے اور رہنے کی ضرورت ہوگی۔

ہم آپ کے بچے کی نوزائیدہ یونٹ میں دیکھ بھال کریں گے۔ وہ ہمارے یہاں ہو سکتے ہیں:

- اسپیشل کیئر نرسری (SCN)
- نیو-بورن انٹینسیو کیئر یونٹ (NICU)

آپ کسی بھی وقت اپنے بچے کے بارے میں ہم سے بات کر سکتی ہیں۔

## کیا آپ کا بچہ زندہ رہے گا؟

آپ کے بچے کے سروائیو کرنے یا زندہ رہنے کے امکانات، گویا کُل مدتی پیدائش کے بچوں جیسے اور جتنے برابر ہی ہوتے ہیں۔

دیگر حمل کی طرح:

- اگر کوئی غیر معمولی پیچیدگیاں ہوں، تو ہم اکثر حمل کے دوران اسکین سے پتہ لگا لیتے ہیں۔
- بچے کی پیدائش کے دوران پیچیدگیاں واقع ہو سکتی ہیں۔

## جب آپ اپنے بچے کو جنم دیتی ہیں

ہماری نیونیٹل ٹیم کا کوئی فرد آپ کے بچے کی پیدائش کے موقع پر موجود ہوگا۔

جب آپ کا بچہ پیدا ہوگا ہم:

- آپ سے بچے کی ضروریات کے بارے میں بات کریں گے، اور
- انہیں نوزائیدہ یونٹ میں لے جائیں گے۔ آپ کا سہارا دینے والا شخص آپ کے بچے کے ساتھ نوزائیدہ یونٹ جا سکتا ہے۔

اگر آپ اور آپ کا بچہ پیدائش کے وقت ٹھیک ہوں، تو ہم آپ کے بچے کو جلد سے جلد آپ کی چھاتی سے لگانے کا منصوبہ بنائیں گے۔ یہ آپ کے بچے کو مستحکم کرنے اور گرم رکھنے میں مدد دے سکتا ہے۔

پیدائش کے بعد جیسے ہی آپ ٹھیک ہوں گی، ہم آپ کو نوزائیدہ یونٹ میں لے جائیں گے تاکہ آپ اپنے بچے کے ساتھ رہ سکیں۔

## کیا آپ اپنے بچے کے ساتھ وقت گزار سکتی ہیں؟

ہاں، ہم آپ کو اپنے بچے کی جتنا ممکن ہو دیکھ بھال کرنے میں مدد کریں گے۔ براہ کرم دن یا رات کسی بھی وقت نیونیٹل یونٹ میں آئیں۔

آپ ہمیں کسی بھی وقت کال بھی کر سکتی ہیں۔

آپ کو اپنے بچے سے تواتر سے گلے ملنا اور بات کرنی چاہیے اپنے بچے کو اسکن (جلد) ٹو اسکن (جلد) اپنے سینے سے لگانا، آپ، اور آپ کے بچے، دونوں کے لیے بہت مفید ہے۔

جب آپ کا بچہ گھر لے جانے کے لیے تیار ہوگا، تو ہم آپ کو زیادہ پر اعتماد ہونے میں آپ کی مدد کریں گے۔

## آپ کے بچے کو کیا ضرورت پیش آ سکتی ہے؟

کچھ عرصہ قبل از وقت، پیدا ہونے والے بچے عام طور پر بہت صحت مند ہوتے ہیں۔ تاہم، درج ذیل عام مسائل ہو سکتے ہیں:

- گرم رکھنا
- خون میں شوگر کی کم سطح
- فیڈنگ میں سست ہونا

### گرم رکھنا

قبل از وقت پیدا ہونے والے بچوں میں، مکمل مدت کے بچوں کی جسمانی چربی سے نسبتاً کم ہوتی ہے۔ جب آپ اپنے بچے کو اسکن-ٹو-اسکن سینے سے لگاتی ہیں، تو آپ کے جسم کی گرمی بچے کو گرم رکھنے میں مدد کرتی ہے، لیکن آپ کے بچے کو اس کی بھی ضرورت پیش آ سکتی ہے:

- گرم رکھنے کے لیے انکیوبیٹر
- کھلے چارپایی یا پلنگ (کاوٹ) میں گرم کپڑے

### خون میں شوگر کی کم سطح

خون میں شوگر کی کم سطح ("ہائپوگلائسیمیا") ہونا، قبل از وقت بچوں میں عام ہے۔

ہم آپ کے بچے کی خون میں شوگر لیول جانچنے کے لیے بلڈ ٹیسٹ کریں گے۔ اگر آپ کے بچہ کا شوگر لیول کم ہوا، تو ہم اسے اضافی خوراک یا ڈرپ دے سکتے ہیں۔

### فیڈنگ (دودھ پلانا)

آپ کا اپنا دودھ آپ کے بچے کے لیے بہت اہم ہوتا ہے، اور ہم پیدائش کے فوراً بعد اپنا دودھ نکالنے میں آپ کی مدد کریں گے۔ ہم آپ کے بچے کے لیے، کافی ومناسب ماں کا دودھ حاصل کرنے میں مدد کریں گے۔

ابتدا یا شروع میں ہوسکتا ہے کہ آپ کا بچہ صرف چند بار ہی آپ کے بریسٹ نپل کو چوس سکے۔ جیسے جیسے وہ بڑے ہوں گے، ویسے ویسے وہ زیادہ تواتر سے فیڈنگ لینا بڑھائیں گے، جیسا کہ ان کے دودھ پینے یا چوسنے کی طاقت بڑھے گی۔ اپنا صبر برقرار رکھیں، فیڈنگ کرانے میں اچھے اور غیر اچھے، دونوں طرح کے دن آئیں گے، اور یہ عام سی بات ہے۔ جب بھی آپ کو لگے کہ آپ کا بچہ فیڈنگ میں دلچسپی لیتا محسوس ہو، اسے فوری فیڈنگ کرانے کی رغبت دلائیں۔

بریسٹ فیڈنگ کے ساتھ ساتھ، زیادہ تر بچوں کو فیڈنگ کرانے کے لیے، ناک سے پیٹ تک نلی (نیسوگسٹرک ٹیوب) کی ضرورت پیش آتی ہے۔ یہ ایک چھوٹی سی ٹیوب ہوتی ہے جو منہ یا ناک سے پیٹ تک لگائی جاتی

ہے اور یہ دودھ کوبراہ راست ان کے پیٹ میں پہنچاتی ہے۔ تقریباً 36 سے 37 ہفتوں میں زیادہ تر بچے اچھی طرح فیڈ لیتے ہیں اور انہیں نلی کی ضرورت نہیں ہوتی۔

کچھ بچوں کو بوتل سے فیڈ کرانا پڑتا ہے یا انہیں بچوں کے دودھ (انفنٹ فارمولا) کے ساتھ اضافی خوراک کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس سے پہلے کہ ہم آپ کے بچوں کے لیے فارمولا دودھ یا فیڈنگ کے دیگر طریقے تجویز کریں، ہم آپ سے یہ جاننا چاہیں گے کہ آپ اپنے بچے کو کیا اور کیسے فیڈ کرانا چاہتی ہیں۔

### جونڈس (یرقان)

جونڈس یا یرقان ہونا بہت عام ہے۔ جونڈس (یرقان) اس وقت ہوتا ہے جب پیدائش کے بعد خون کے ریڈ سیلز کے ٹوٹنے سے، بچے کی اسکن /جلد پیلی ہو جاتی ہے۔

ہم آپ کے بچے کے جونڈس لیول یا سطح جانچنے کے لیے بلڈ ٹیسٹ کریں گے۔ اگر آپ کے بچے میں جونڈس لیول زیادہ پائے گئے، تو بچہ کو نیلی روشنی کے علاج (فوٹو تھراپی) کی ضرورت ہوگی۔

فوٹو تھراپی میں نیلی روشنی کا استعمال ہوتا ہے تاکہ جونڈس یا یرقان کی سطح کم کی جا سکے۔ ہم عام طور پر 2 سے 3 دن کے لیے فوٹو تھراپی دیتے ہیں۔

### انفیکشن (متعدی مرض)

کچھ یا معمولی قبل از وقت پیدا ہونے والے بچوں میں انفیکشن کم ہی ہوا کرتا ہے۔ اگر ہمیں لگے کہ آپ کے بچے کو انفیکشن ہو سکتا ہے تو پیدائش کے فوراً بعد اینٹی بایوٹکس ادویہ دی جائیں گی۔

اکثروبیشتر اوقات انفیکشن نہیں ہوتا، اور ہم پہلے 2 دنوں میں اینٹی بایوٹکس بند کر سکتے ہیں۔

### بریتھنگ (سانس لینا)

زیادہ تر تھوڑا قبل از وقت پیدا ہونے والے بچوں کو بریتھنگ کرنے (سانس لینے) میں مدد کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اگر آپ کے بچے کو سانس لینے میں مدد کی ضرورت ہو تو پیدائش کے پہلے چند دنوں میں فیس ماسک یا نیزل پرونگز کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔

ہم یہ توقع نہیں کرتے کہ آپ کے بچہ کو پھیپھڑوں کا کوئی طویل مدتی مسئلہ پیش آئے گا کیونکہ وہ قبل از وقت پیدا ہوا ہے۔

## آپ کا بچہ کب گھر جا سکتا ہے؟

یہ ہر بچے کے لیے مختلف ہوتا ہے۔ آپ کے بچے کو گھر پر جانے سے پہلے، ان کو ضرورت ہوگی کہ:

- فیڈ لینے کے قابل ہوجائیں
- وزن بڑھ جائے
- ان کا درجہ حرارت نارمل اور درست سطح پر رہے

آپ کا بچہ اپنے گھر کے قریب کسی ہسپتال میں منتقل ہو سکتا ہے اگر وہ:

- اسٹیبل یا مستحکم حالت میں ہوں
- ہسپتال میں کچھ مزید دنوں تک رہنے کی ضرورت ہو۔

## کیا کوئی طویل مدتی مسائل ہیں؟

زیادہ تر معمولی عرصہ قبل از وقت پیدا ہونے والے بچوں کو کوئی مسئلہ نہیں ہوتا۔

آپ کی زچہ و بچہ کی صحت کی نرس اور مقامی ڈاکٹر (GP)، آپ کے بچے کی نشوونما پر نظر رکھیں گے۔ اگر انہیں کوئی تشویش ہوئی، تو وہ آپ کو، بچوں کے پیڈیاٹریشن ڈاکٹر کے پاس بھیج سکتے ہیں۔

## ہم ڈیٹا کیوں جمع کرتے ہیں؟

ہم نیونیٹل یونٹ میں ہونے والے واقعات کا ڈیٹا اکھٹے کرتے ہیں تاکہ ہم بچوں اور ان کی فیملیز کو بہتر دیکھ بھال فراہم کر سکیں۔

یہ ڈیٹا قابل شناخت نہیں ہوتا، اس لیے کوئی نہیں جان پائے گا کہ ڈیٹا دراصل کس کے بارے میں ہے۔ آپ ہم سے ڈیٹا کلیکشن کے بارے میں بات کر سکتی ہیں۔

## ہم تحقیق کرتے ہیں

ہم بہتر دیکھ بھال فراہم کرنے کے طریقے سیکھنے کے لیے تحقیق کرتے ہیں۔ ہم پوچھ سکتے ہیں کہ کیا آپ کے بچے کو ہماری تحقیق میں شامل کیا جا سکتا ہے۔ آپ انکار کر سکتی ہیں اور ہم آپ اور آپ کے بچے کی بالکل اسی طرح مکمل دیکھ بھال کریں گے۔

## مزید معلومات کے لیے

**The Royal Women's Hospital**

(03) 8345 2000

thewomens.org.au

اگر آپ دیکھنا چاہیں کہ نیونیٹل یونٹ (NICU) کیسا ہے، تو آپ ہماری ویڈیو ذیل لنک پر دیکھ سکتی ہیں:
YouTube: youtu.be/2ohHvcxxF5s

## کیا آپ کو انٹرپریٹر یا ترجمان کی ضرورت ہے؟

Interpreter

اگر آپ کو ضرورت پیش آئے، تو آپ ترجمان یا انٹرپریٹر کے لیے پوچھ سکتی ہیں۔

## فیملی وائلنس سپورٹ

**1800 Respect نیشنل ہیلپ لائن**

اگر آپ کو جنسی زیادتی، گھریلو تشدد اور بدسلوکی کا سامنا ہوا ہو، تو آپ مدد حاصل کر سکتی ہیں۔
آپ دن یا رات کے کسی بھی وقت کال کر سکتی ہیں۔
1800 737 732 (24-گھنٹے سپورٹ سروس)
1800respect.org.au

**ڈیس کلیمر**: یہ فیکٹ شیٹ محض عمومی معلومات کی فراہمی کے لیے ہے۔ آپ، یا آپ کے بچے کی صحت کی ضروریات کے حوالے سے مخصوص مشاورت کے لیے، متعلقہ صحت کے پیشہ ور ماہرین سے رجوع کریں۔
The Royal Women's Hospital اپنی صحت کے پیشہ ور ماہرین سے رجوع کرنے کے بجائے، اس فیکٹ شیٹ پر مکمل انحصار کرنے کے باعث، کسی بھی ہونے والے نقصان یا خسارے کی، کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
اگر آپ کو، یا آپ کے بچے کو، فوری میڈیکل یا طبی توجہ درکار ہو، تو اپنے قریب ترین واقع ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ سے رابطہ کریں۔

© The Royal Women's Hospital 2025.